# غم اور تکلیف دور کرنے کی دعا

۱-ابو بکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مصیبت زدہ کی یہ دعا ہے

«اللَّهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُو، فَلَا تَكِلْنِي إِلَى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ، وَأَصْلِحْ لِي شَأْنِي كُلَّهُ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ»

"اے اللہ میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں۔ مجھے ایک لمحہ کے لئے بھی میرے حوالے نہ کرنا اور میرے سب حالات درست کر دے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں"۔ (ابوداود)

۲-عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مصیبت کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے:

«لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ العَظِيْمُ الحَلِيْمُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ رَبُّ العَرْشِ العَظِيمُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ رَبُّ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضِ وَرَبُّ العَرْشِ الكَرِيمُ»

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ عظمت والا ہے بردبار ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ عرش عظیم کا رب ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ آسمان وزمین اور عرش کریم کا رب ہے" (بخاری ومسلم)

۳-اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو چند کلمات ایسے بتاتا ہوں جنھیں تم مصیبت کے وقت پڑھا کرو:

«أَللَّهُ أَللَّهُ رَبِّي لَا أُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا»

"اللہ ہی میرا رب ہے میں نے اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بنایا"۔ (ابوداود)